SANITATION FOR ALL

THE DRIVE TO 2015

نکاسئ آب سب کے لیے

انسانی حق کو ایک حقیقت بنانا

دنیا میں تقریباً 40 فیصد لوگ ابھی تک بہتر نکاسئ آب تک رسائی سے محروم ہیں۔

تاحال، ایشیاء میں موزوں بیت الخلاء سے محروم 1.6 ملین لوگ ناقص صحت کے خطرے سے دوچار ہیں اور انہیں کم معاشی مواقع میسر آتے ہیں۔ وہ اکثر حقیر ماحولوں میں زندگی گزارتے ہیں اور ایک بنیادی انسانی حق سے محروم رکھے جاتے ہیں۔ بنیادی نکاسئ آب تک رسائی ایک خیراتی کام نہیں ہے، یہ ایک قانونی استحقاق ہے۔ Sanitation Drive to 2015 (2015ء تک صحت وصفائی کی مشترکہ کوشش) حکومتوں اور دیگر شریکِ اداروں کو اس انسانی حق کو ایک حقیقت بنانے کی ترغیب دیتی ہے۔

نکاسئ آب ایک انسانی حق ہے

سنہ 2010ء میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی اور انسانی حقوق کی کونسل نے پینے کے صاف پانی اور محفوظ نکاسئ آب کو زندگی سے بھرپور لطف اندوز ہونے اور دیگر تمام انسانی حقوق کی تکمیل کے لیے ضروری انسانی حق کے طور پر تسلیم کیا[1]۔

یہ اعلان کرنا کہ نکاسئ آب اور پانی تک رسائی ایک انسانی حق ہے، اسے ہر کسی کے لیے حقیقت بنانے کی طرف ایک اہم قدم قرار دیتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ:

- ایک جنس یا خیراتی بنیادوں پر فراہم کی گئی خدمت کی بجائے، بنیادی نکاسئ آب اور محفوظ پانی تک رسائی ایک استحقاق ہے۔
- بنیادی نکاسئ آب تک رسائی پر پیش رفت کو تیز تر بنایا جانا لازم ہے۔
- ہماری کوششوں کا نکتۂ ارتکاز وہ لوگ ہونے چاہیں جو سب سے کم مراعات یافتہ ہیں، بشمول وہ جن تک پہنچنا دشوار ترین ہے اور جو سب سے زیادہ غیر محفوظ ہیں۔
- برادریوں اور غیر محفوظ گروہوں کو با اختیار بنانے اور فیصلہ سازی کے عملوں میں شامل کیے جانے کی ضرورت ہے۔
- پانی اور نکاسئ آب کے حق کے بارے میں مختلف ممالک کی پیش رفت کی نگرانی، اور حکومتوں کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے اقوامِ متحدہ کے انسانی حقوق کے نظام کے اندر دستیاب وسائل اور تراکیب کو استعمال کیا جانا چاہیے۔

نکاسئ آب کے بارے میں انسانی حق کے متعلق عام غلط فہمیاں

غلط فہمی	وضاحت
انسانی حق لوگوں کو مفت نکاسئ آب کا اہل بناتا ہے۔	نکاسئ آب کی خدمات تمام لوگوں کے لیے مستحکم اوران کی استطاعت میں ہونی چاہیے۔ لوگوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس کام میں مالی طور پر یا بصورتِ دیگر اپنی بساط کے مطابق حصہ لیں گے۔
یہ حق ہر کسی کو ایک گھریلو خدمت حاصل کرنے کا مستحق بناتا ہے۔	نکاسئ آب کی سہولیات کے گھرانے کے اندر، یا اس کے قرب و جوار میں ہونے کی ضرورت ہے اور اس میں کھڈے والی جائے ضروریہ شامل ہو سکتی ہیں۔
اگر کسی ملک کے تمام شہریوں کی نکاسئ آب تک رسائی حاصل نہیں ہوتی تو وہ ملک اس حق کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے۔	تقاضہ یہ ہے کہ دستیاب انتہائی وسائل استعمال کرتے ہوئے، حکومتیں تدریجی طور پر اس انسانی حق کا احساس کرنے کے لیے اقدامات کریں۔

1 جنرل اسمبلی کی جانب سے منظور کردہ قرارداد 292/64، 'پانی اور نکاسئ آب کا انسانی حق'، A/64/L.63/Rev. 1، چونسٹھویں نشست، ایجنڈے کا نکتہ 3 48 اگست 2010؛ اور انسانی حقوق کی کونسل کی جانب سے منظور کردہ قرارداد 'انسانی حقوق اور پینے کے محفوظ پانی اور نکاسئ آب تک رسائی'، A/HRC/15/L. 14، پندرھویں نشست، ایجنڈے کا نکتہ 3، 24 ستمبر 2010

کھلی جگہ پر حوائجِ ضروریہ سے فراغت ناقص نکاسئ آب کا انتہائی ترین مظاہرہ ہے

Sanitation Drive to 2015 کی توجہ کھلی جگہ پر حوائجِ ضروریہ سے فراغت کے خاتمے پر مرکوز ہے، جس کی تعریف کھیتوں، جنگلوں، جھاڑیوں، پانی کے ذخائر اور دیگر کھلے مقامات پر حوائجِ ضروریہ سے فراغت کے طور پر کی گئی ہے۔

ایشیاء میں، 750 ملین سے زائد لوگوں کے پاس کھلے مقامات پر حوائجِ ضروریہ سے فراغت کے فعل کے علاوہ کوئی متبادل نہیں ہے، جو کہ ناقص نکاسئ آب کا انتہائی ترین مظاہرہ ہے[2]۔ یہ فعل غریب ترین اور پسماندہ ترین لوگوں کو ناموزوں طور پر متاثر کرتا ہے اور یہ بڑے بڑے مہلک امراض جیسے کہ اسہال کے پھیلاؤ سے بہت زیادہ منسلک ہے۔

کھلے مقامات پر حوائجِ ضروریہ سے فراغت انسانی حقوق کی توہین کیوں ہے؟ پینے کے محفوظ پانی اور نکاسئ آب کے انسانی حق پر اقوامِ متحدہ کی خصوصی رپورٹر کیٹرینا ڈی البوکیرک (Catarina de Albuquerque) وضاحت کرتی ہیں: "وقار کا قریبی ترین تعلق عزتِ نفس کے ساتھ ہے، جس کا قائم رکھنا اس وقت مشکل ہوتا ہے جب کھلی جگہ پر پالتی مار کر بیٹھنے پر مجبور ہوا جائے، جہاں خلوت کا کوئی احترام نہ ہو، فراغت کے بعد خود کو صاف کرنے کا کوئی موقع دستیاب نہ ہو اور ایسے غیر محفوظ وقت میں حملے یا تشدد کا مسلسل خطرہ ہو۔"[3]

کاروائی کریں!
اگر ہمیں پانی اور نکاسئ آب کے حق کو حقیقت میں بدلنا ہے تو متفقہ فیصلے سے کاروائی کی ضرورت ہے۔

سنہ 2010ء میں اقوامِ متحدہ نے MDG اہداف پورے کرنے کے لیے کوششوں کو دوگنا کرنے کو کہا اور - Sanitation Drive to 2015 نامی ایک عالمی کوشش میں اپنا تعاون پیش کیا۔ The Drive to 2015 نکاسئ آب، سرمائے کی بہتر اہداف کاری، ثابت شدہ کامیابی کی بنیاد پر مربوط کوششوں، فیصلہ سازی میں برادریوں اور افراد کی مشغولیت، اور یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام لوگوں کی معلومات اور خدمات تک رسائی ہے، پر زیادہ سیاسی توجہ دینے کی حامی ہے۔

اہم طور پر، یہ کھلی جگہوں پر حوائجِ ضروریہ سے فراغت پر توجہ دیتی ہے۔ نکاسئ آب کی مشترکہ کوشش غریب ترین اور پسماندہ ترین آبادیوں کو ترجیح دیتے ہوئے اس ناانصافی سے نمٹنے کی ہم سب کو ترغیب دیتی ہے۔

اپنی ذاتی Sanitation Drive to 2015 مہم کو فوری طور پر شروع کرتے ہوئے نکاسئ آب کے لیے کاروائی کریں!

www.sanitationdrive2015.org ملاحظہ کریں:

- ایک آن لائن ٹول کٹ تلاش کرنے کے لیے جس میں آپ کی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے منصوبہ سازوں کے لیے رہنمائی، حقائق نامے، پوسٹ کارڈ اور مزید تجاویز شامل ہیں۔
- اپنی کامیابی کی کہانیوں کے اشتراک کے لیے اور 'نکاسئ آب کی مشترکہ کوششیں کرنے والے' ان لوگوں کو نامزد کرنے کے لیے جو کھلے مقامات پر حوائجِ ضروریہ سے فراغت کو ختم کرنے اور نکاسئ آب کو فروغ دینے میں رہنما رہے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے www.sanitationdrive2015.org/take-action/be-a-sanitation-driver دیکھیں۔

---

2 WHO/UNICEF مشترکہ نگرانی کا پروگرام (JMP).برائے پانی کی رسد و نکاسئ آب، پینے کے پانی اور نکاسئ آب میں پیش رفت: تجدید 2013، اقوامِ متحدہ کا بچوں کا فنڈ اور نظیمِ عالمی صحت، نیویارک اور جنیوا، 2013۔
3 انسانی حقوق کی کونسل، 'تمام انسانی حقوق کا فروغ و تحفظ، شہری، سیاسی، اقتصادی، سماجی اور ثقافتی حقوق، بشمول ترقی کرنے کا حق'، پینے کے محفوظ پانی اور نکاسئ آب تک رسائی سے متعلق فرائض کے انسانی حقوق پر آزاد ماہر Catarina de Albuquwrque کی رپورٹ، 1 جولائی 2009، صفحہ 19۔

UN WATER

ہمارے بارے میں: Sanitation Drive to 2015 تمام رکن ممالک کی جانب سے 2010ء میں منظور کردہ اقوامِ متحدہ کی قرارداد کی بنیاد پر ہے - جو بنیادی نکاسئ آب تک محفوظ رسائی کے بغیر رہنے والے لوگوں کی تعداد کو نصف کرنے کے MDG کے ہدف کو پورا کرنے کی کوششوں کی رفتار کو دوگنا کرنے کا مطالبہ کر رہی ہے۔ -UN Water، جس میں اقوامِ متحدہ کی 30 انجمنیں اور 22 شراکت دار شامل ہیں، اس کام کو منظم کر رہی ہے۔ پوری دنیا میں سول سوسائٹی کے گروہوں نے اپنے تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے۔

www.sanitationdrive2015.org